○ ۔۔۔۔ ۱۸۱۶ء

نہ دیجے پاسِ ضبطِ آبرو، وقتِ شکستن بھی    تحمّل پیشۂ تمکین رہیے آئنہ آسا

اسدؔ، طبعِ متیں سے گر نکالوں شعرِ برجستہ
شرر، ہو قطرۂ خونِ فسردہ در رگِ خارا

گرفتاری میں، فرمانِ خطِ تقدیر ہے پیدا    کہ طوقِ قمری از ہر حلقۂ زنجیر ہے پیدا
زمیں کو صفحۂ گلشن بنایا خونچکانی نے    چمن بالیدنی ہا، از رمِ نخچیر ہے پیدا
مگر وہ شوخ ہے طوفاں طرازِ شوقِ خونریزی    کہ در زنگِ کماں بالیدہ موجِ تیر ہے پیدا
نہیں[1] ہے کف لبِ نازک پہ فرطِ نشّۂ مے سے    لطافت ہائے جوشِ حسن کا سرشیر ہے پیدا
عروجِ نا امیدی چشمِ زخمِ چرخ کیا جانے؟    بہارِ بے خزاں، از آہِ بے تاثیر ہے پیدا
اسدؔ جس شوق سے ذرّے تپش فرسا ہوں روزن میں    جراحت ہائے دل سے جوہرِ شمشیر ہے پیدا

سحر گہ باغ میں وہ حیرتِ گلزار ہو پیدا    اڑے رنگِ گل، اور آئینۂ دیوار ہو پیدا
بتاں! زہر اِس شدت سے دو پیکانِ ناوک کو    کہ خطِّ سبز[2] تا پشتِ لبِ سوفار ہو پیدا
لگے گر سنگ سر پر یار کے دستِ نگاریں سے    بجائے زخم، گل برگوشۂ دستار ہو پیدا

---

۱۔ ” = ہے نہیں کف برلبِ نازک، وفورِ نشّۂ مے سے
۲۔ ” = پر



○ ۔۔۔۔۔ ۱۸۱۶ء

کروں گر عرضِ سنگینیِ کہسار اپنی بیتابی    رگِ ہر سنگ سے نبضِ دلِ بیمار ہو پیدا
بہ سنگِ شیشہ توڑوں، ساقیا! پیمانہ پیماں    اگر ابرِ سیہ مست از سوئے کہسار ہو پیدا

اسدؔ[1]، مایوس مت ہو، گرچہ رونے میں اثر کم ہے
کہ[2] غالب ہے کہ بعد از زاریِ بسیار ہو پیدا

بس کہ ہے میخانہ ویراں، جوں بیابانِ خراب    عکسِ چشمِ آہوئے رم خوردہ ہے، داغِ شراب
تیرگیِ ظاہری، ہے طبعِ آگہ[3] کا نشاں    غافلاں، عکسِ سوادِ صفحہ ہے، گردِ کتاب
یک نگاہِ صاف، صد آئینۂ تاثیر ہے    ہے رگِ یاقوت، عکسِ خطِّ جامِ آفتاب
ہے عرق افشاں مشی سے، ادہمِ مشکینِ یار    وقتِ شب اختر گنے[4] ہے، چشمِ بیدارِ رکاب
ہے[5] شفق، سوزِ جگر کی آگ کی بالیدگی    ہر یک اختر ہے فلک پر قطرۂ اشکِ کباب
بس کہ شرمِ عارضِ رنگیں سے حیرت جلوہ ہے    ہے شکستِ رنگِ گل، آئینہ پردازِ نقاب

شب کہ تھا نظّارگی[6] روئے بتاں کا، اے اسدؔ
گر گیا بامِ فلک سے صبح، طشتِ ماہتاب

---

۱۔ نخ = نہ ہو مایوس غالب ۔۔۔
۲۔ ” = توقع ہے ۔۔۔
۳۔ ” = موزوں
۴۔ ” = شمر
۵۔ ” = ہے شفق از سوزِ دل ہا، آتشِ افروختہ
۶۔ ” = نظّارہ گر

○ ..... ۱۸۱۶ء

ہے بہاراں میں خزاں حاصل[1]، خیالِ عندلیب    رنگِ گل آتش کدہ ہے زیرِ بالِ عندلیب
عشق کو ہر رنگ شانِ حسن ہے مدِّ نظر    مصرعِ سروِ چمن ہے حسبِ حالِ عندلیب
حیرتِ[2] حسنِ چمن پیرا سے تیرے، رنگِ گل    بسملِ ذوقِ[3] پریدن ہے بہ بالِ عندلیب
عمر میری ہوگئی صرفِ بہارِ حسنِ یار    گردشِ رنگِ چمن ہے ماہ و سالِ عندلیب
*منع مت کر حسن کی، ہم کو پرستش سے کہ ہے    بادۂ نظّارۂ گلشن، حلالِ عندلیب

ہے مگر موقوف بر وقتِ دگر، کارِ اسد
اے شبِ پروانہ و روزِ وصالِ عندلیب

آمدِ[4] خط سے ہوا ہے سرد جو بازارِ دوست    م    دودِ شمعِ کشتہ تھا شاید، خطِ رخسارِ دوست
اے[5] دلِ ناعاقبت اندیش! ضبطِ شوق کر    م    کون لا سکتا ہے تابِ جلوۂ دیدارِ دوست
○ خانہ ویراں سازیِ حیرت تماشا کیجیے    م    صورتِ نقشِ قدم ہوں رفتۂ رفتارِ دوست
○ عشق میں بیدادِ رشکِ غیر نے مارا مجھے    م    کشتۂ دشمن ہوں آخر، گرچہ تھا بیمارِ دوست

---

۱۔ نخ = پرور
۲۔ ، = ہے رنگِ گل از حیرتِ گلشن فروزی ہائے دوست
۳۔ ، = آہنگ
۴۔ ، = ہے نیم رنگی جلوہ ہے بزمِ تجلّی زارِ دوست
۵۔ ، = اے عدوئے مصلحت چندے بہ ضبط افسردہ رہ
کردنی ہے جمع تابِ شوخیِ دیدارِ دوست
* یہ شعر پہلے پہل متن ق میں درج ہوا
○ یہ اشعار پہلے پہل متن قا میں درج ہوئے



○ ..... ۱۸۱۶ء

○ چشمِ ما روشن! کہ اُس بیدرد کا دل شاد ہے    م    دیدۂ پُر خوں ہمارا، ساغرِ سرشارِ دوست
○ غیر یوں کرتا ہے میری پُرسش اُس کے ہجر میں    م    بے تکلّف دوست ہو جیسے کوئی غمخوارِ دوست
○ تاکہ میں جانوں کہ ہے اس کی رسائی واں تلک    م    مجھ کو دیتا ہے پیامِ وعدۂ دیدارِ دوست
○ جب کہ میں کرتا ہوں اپنا شکوۂ ضعفِ دماغ    م    سر کرے ہے وہ حدیثِ زلفِ عنبر بارِ دوست
○ چپکے چپکے مجھ کو روتے دیکھ پاتا ہے اگر    م    ہنس کے کرتا ہے بیانِ شوخیِ گفتارِ دوست
○ مہربانی ہائے دشمن کی شکایت کیجیے    م    یا بیاں کیجے سپاسِ لذّتِ آزارِ دوست
○ یہ غزل اپنی، مجھے جی سے پسند آتی ہے آپ    م    ہے ردیفِ شعر میں، غالبؔ! زبس تکرارِ دوست
چشم بندِ خلق[1]، غیر از نقشِ خود بینی نہیں    آئنہ ہے قالبِ خشتِ در و دیوارِ دوست
برقِ خرمن زارِ گوہر ہے، نگاہِ تیز، یاں    اشک ہو جاتے ہیں خشک از گرمیِ رفتارِ دوست
ہے[2] سوا نیزے پہ، اس کے قامتِ نوخیز سے    آفتابِ روزِ[3] محشر ہے، گلِ دستارِ دوست
لغزشِ مستانہ و جوشِ تماشا[4] ہے، اسد    آتشِ مے سے[5] بہارِ گرمیِ بازارِ دوست

جاتا ہوں جدھر، سب کی اٹھے ہے اُدھر انگشت    یک دست جہاں مجھ سے پھرا ہے، مگر انگشت

---

○ یہ اشعار پہلے پہل متن قا میں درج ہوئے
۱۔ نخ = پردہ جز تمثال
۲۔ ، = ہے بقدرِ نیزہ از بالائے وا افراختہ
۳۔ ، = صبح
۴۔ نخ = تماشائی
۵۔ ، = ہے

○ ..... ۱۸۱۶ء

میں[1] الفتِ مژگاں میں جو انگشت نما ہوں　　لگتی ہے مجھے تیر کے مانند، ہر انگشت
ہر غنچۂ گل، صورتِ یک قطرۂ خوں ہے　　دیکھا ہے[2] کسو کا جو حنا بستہ، سر انگشت
گرمی[3] ہے زباں کی، سببِ سوختنِ جاں　　ہر[4] شمع، شہادت کو ہے یاں سر بسر انگشت
+ خوں دل میں جو میرے نہیں باقی، تو پھر اُس کی　　جوں ماہیِ بے آب، تڑپتی ہے ہر انگشت
+ شوخی تری کہہ دیتی ہے احوال ہمارا　　رازِ دلِ صد پارہ کی ہے پردہ در انگشت
+ بس رتبے میں باریکی و نرمی ہے کہ جوں گل　　آتی نہیں پنجے میں بس اس کے نظر انگشت
+ افسوس! کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے　م　جن لوگوں کی، تھی درخورِ عقدِ گہر، انگشت
+ کافی ہے نشانی تری، چھلّے کا نہ دینا　م　خالی مجھے دکھلا کے، بوقتِ سفر، انگشت
لکھتا ہوں، اسدؔ، سوزشِ دل سے سخنِ گرم　م　تا رکھ نہ سکے کوئی مرے حرف پر انگشت

دودِ شمعِ کشتہ گل، بزم سامانی عبث　　یک شبہ آشفتہ نازِ سنبلستانی عبث
ہے، ہوس، محمل بدوشِ شوخیِ ساقیِ مست　　نشّۂ مے کے تصور میں نگہبانی عبث
بازمانِ ہائے مژگاں ہے یک آغوشِ وداع　　عیدِ دیدِ حیرت سوارِ چشمِ قربانی عبث

۱۔ نخ　=　مژگاں کی محبت میں .......
۲۔ 〃　=　خوباں کا جو دیکھا ہے .....
۳۔ 〃　=　گرمی زباں ہے .......
۴۔ 〃　=　ہے شمع شہادت کے لیے .......
+　یہ اشعار پہلے پہل حاشیہ ق میں اضافہ کیے گئے



○ ..... ۱۸۱۶ء

جز غبارِ کردہ سیر، آہنگیِ پرواز کو؟　　بلبلِ تصویر و دعوائے پر افشانی عبث
سر نوشتِ خلق، ہے طغرائے عجزِ اختیار　　آرزو ہا خار خارِ چینِ پیشانی عبث
جب[1] کہ نقشِ مدعا ہووے[2] نہ جز موجِ سراب　　وادیِ حسرت میں پھر آشفتہ جولانی عبث
دستِ برہم سودہ ہے، مژگانِ خوابیدۂ اسدؔ
اے دل از کف دادۂ غفلت، پشیمانی عبث

نازِ لطفِ عشق، با وصفِ توانائی، عبث　　رنگ ہے سنگِ محک، دعوائے مینائی عبث
ناخنِ دخلِ عزیزاں، یک قلم ہے نقب زن　　پاسبانیِ طلسمِ گنجِ تنہائی عبث
محملِ پیمانۂ فرصت ہے بردوشِ حباب　　دعویِ دریا کشی و نشّہ پیمائی عبث
جانِ[3] عاشق حاملِ صد غلبۂ تاثیر ہے　　دل کو، اے بیدادگر[4]، تعلیمِ خارائی عبث
یک نگاہ گرم ہے، جوں شمع، سر تا پا گداز　　بہرِ از خود رفتگاں، رنجِ[5] خود آرائی عبث
+ قیس بھاگا شہر سے شرمندہ ہو کر سوئے دشت　　بن گیا تقلید سے میری، یہ سودائی عبث
اے اسدؔ، بے جا ہے نازِ سجدۂ عرضِ نیاز
عالمِ تسلیم میں یہ[6] دعویٰ آرائی عبث

۱۔ نخ　=　چونکہ　　۲۔ نخ　=　معلوم
۳۔ 〃　=　ہے طبعِ نالاں　　۴۔ 〃　=　عاشق کشاں
۵۔ 〃　=　سعی　　۶۔ 〃　=　دعوائے مرزائی
+　یہ شعر پہلے پہل حاشیہ ق میں اضافہ کیا گیا

○ ..... ۱۸۱۶ء

گلشن میں بندوبست بہ رنگِ[1] دگر ہے آج ۔ م ۔ قمری کا طوق، حلقۂ بیرونِ در ہے آج
آتا ہے[+] ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ ۔ م ۔ تارِ نفس، کمندِ شکارِ اثر ہے آج
اے[*] عافیت، کنارہ کر، اے انتظام، چل ۔ م ۔ سیلابِ گریہ، درپئے دیوار و در ہے آج
معزولیِ تپش ہوئی، افراطِ انتظار ۔ چشمِ کشودہ[2]، حلقۂ بیرونِ در ہے آج
حیرت فروشِ صد نگرانی ہے اضطرار ۔ ہر رشتہ چاکِ جیب کا، تارِ نظر ہے آج
ہوں داغِ نیم رنگیِ شامِ وصالِ یار ۔ نورِ چراغِ بزم سے جوشِ سحر ہے آج
کرتی[3] ہے عاجزی، سفرِ سوختن، تمام ۔ پیراہنِ خسک میں غبارِ شرر ہے آج
تا صبح ہے بہ منزلِ مقصد رسیدنی ۔ دودِ چراغِ خانہ، غبارِ سفر ہے آج
دور اوفتادۂ چمنِ فکر ہے، اسدؔ ۔ مرغِ خیال، بلبلِ بے بال و پر ہے آج

جنبشِ[4] ہر برگ سے ہے گل کے لب کو اختلاج ۔ حبِّ شبنم سے صبا ہر صبح کرتی ہے علاج
شاخِ گل جنبش میں ہے گہوارہ آسا، ہر نفس ۔ طفلِ شوخِ غنچۂ گل بس کہ ہے وحشی[5] مزاج
سیرِ ملکِ حسن کر، میخانہ ہا نذرِ خمار ۔ چشمِ مستِ یار سے ہے گردنِ مینا پہ باج

۱۔ نخ = بہ ضبط ۲۔ نخ = کشادہ
۳۔ " = بے تابی نے کیا .........
۴۔ " = ے بے لبِ گل کو زِ واجنبیدنِ برگ اختلاج
۵۔ " = وحشت
+ یہ شعر پہلے پہل حاشیہ ق میں اضافہ کیا گیا
* یہ شعر پہلے پہل متن ق میں درج ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

گریہ ہائے بیدلاں، گنجِ شرر در آستیں ۔ قہرمانِ عشق میں، حسرت سے لیتے ہیں خراج
رنگریزِ جسم و جاں نے از خمستانِ عدم ۔ خرقۂ ہستی نکالا ہے برنگِ احتیاج
ہے[1] سوادِ چشمِ قربانی میں یک عالم مقیم ۔ حسرتِ فرصت جہاں دیتی ہے حیرت کو رواج
اے اسدؔ، ہے مستعدِّ شانہ[2] گیسو شدن
پنجۂ مژگاں بخود بالیدنی رکھتا ہے آج

بیدل، نہ نازِ وحشتِ جیبِ دریدہ کھینچ ۔ جوں بوئے غنچہ، یک نفسِ آرمیدہ کھینچ
یک مشتِ خوں ہے، پرتوِ خور سے، تمام[3] دشت ۔ دردِ طلب بہ آبلۂ نادمیدہ کھینچ
پیچیدگی، ہے حاملِ طومارِ انتظار ۔ پائے نظر بہ دامنِ شوقِ دویدہ کھینچ
برقِ بہار سے ہوں میں پا در حنا ہنوز ۔ اے خارِ دشت، دامنِ شوقِ رمیدہ کھینچ
بیخود بہ لطفِ چشمکِ عبرت ہے، چشمِ صید ۔ یک داغِ حسرتِ نفسِ ناکشیدہ کھینچ
بزمِ نظر ہیں بیضۂ طاؤسِ خلوتاں ۔ فرشِ طرب بہ گلشنِ ناآفریدہ کھینچ
دریا، بساطِ دعوتِ سیلاب ہے، اسدؔ
ساغر بہ بارگاہِ دماغِ رسیدہ کھینچ

۱۔ نخ = ے یک جہاں ہے در سوادِ چشمِ قربانی مقیم
حسرتِ فرصت نے بخشا بس کہ حیرت کو رواج
۲۔ " = شانہ گشتن بہرِ زلف
۳۔ " = گدازِ

○ ..... ۱۸۱۶ء

قطعِ سفرِ ہستی و آرامِ فنا، ہیچ
رفتار نہیں بیشتر از لغزشِ پا، ہیچ

حیرت ہمہ اسرار، پہ مجبورِ خموشی
ہستی نہیں جز بستنِ پیمانِ وفا، ہیچ

تمثال گدازِ آئنہ، ہے عبرتِ بینش
نظّارہ تحیّر، چمنستانِ بقا، ہیچ

گلزارِ دمیدن، شررستانِ رمیدن
فرصت تپش و حوصلۂ نشوونما، ہیچ

آہنگِ عدم نالہ بہ کہُسار گرو ہے
ہستی میں نہیں شوخیِ ایجادِ صدا، ہیچ

کس بات پہ مغرور ہے، اے عجزِ تمنّا؟
سامانِ دعا وحشت و تاثیرِ دعا، ہیچ

آہنگِ اسدؔ میں نہیں جز نغمۂ بیدلؔ
"عالم ہمہ افسانۂ ما دارد و ما، ہیچ"

دعویِ عشقِ بتاں[1] سے بہ گلستاں گل و صبح
ہیں رقیبانہ بہم دست و گریباں گل و صبح

ساقِ گل رنگ سے[2]، اور آئنۂ زانو سے
جامہ زیبوں[3] کے سدا ہیں تہِ داماں گل و صبح

وصلِ آئینہ رخاں، ہم نفسِ یک دیگر
ہیں دعاہائے سحرگاہ سے خواہاں گل و صبح

آئنہ خانہ ہے صحنِ چمنستاں یکسر[4]
بس کہ ہیں بے خود و وارفتہ و حیراں گل و صبح

زندگانی نہیں بیش از نفسِ چند، اسدؔ
غفلت آرامیِ یاراں پہ ہیں خنداں گل و صبح

---

۱۔ نخ = جنوں
۲۔ نخ = دخطِ
۳۔ ״ = جامہ زیباں
۴۔ ״ = یک دست



○ ..... ۱۸۱۶ء

بس کہ وہ پاکوبیاں در پردۂ وحشت ہیں یاد
ہے غلافِ دفچۂ خُرشید، ہر یک گردباد

طُرفہ موزونی ہے صرفِ جنگ جوئی ہائے یار
ہے سرِ مصراعِ صافِ تیغ، خنجر، مُستزاد

*ہاتھ آیا زخمِ تیغِ یار سا پہلو نشیں
کیوں نہ ہووے آج کے دن بیکسی کی روح شاد

کیجیے آہوے ختن کو خضرِ صحرائے طلب
مشک ہے سنبلستانِ زلف ہیں، گردِ سواد

ہم نے[1] سوزِ زخمِ جگر پر بھی زباں پیدا نہ کی
گل ہوا ہے ایک زخمِ سینہ پر خواہانِ داد

بس کہ ہیں در پردہ مصروفِ سیہ کاری تمام[2]
آستر ہے خرقۂ زُہّاد کا، صوفِ مِداد

*تیغ در کف، کف بلب آتا ہے قاتل اس طرف
مژدہ باد، اے آرزوے مرگِ غالبؔ مژدہ باد

تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند
اے طفلِ خود معاملہ، قد سے عصا بلند

ویرانے سے، جز آمد و رفتِ نفَس نہیں
ہے کوچہ ہائے نَے میں، غبارِ صدا، بلند

رکھتا ہے انتظارِ تماشائے حُسنِ دوست
مژگانِ باز ماندہ[3] سے، دستِ دعا، بلند

موقوف کیجیے یہ تکلّف نگاریاں
ہوتا ہے، ورنہ، شعلۂ رنگِ حنا، بلند

قربانِ اوج ریزیِ چشمِ حیا پرست
یک آسماں ہے، مرتبۂ پشتِ پا، بلند

---

۱۔ نخ = غنچہ کا دل خوں ہُوا لیکن .....
۲۔ ״ = اسدؔ
۳۔ ״ = واکشادہ
* یہ اشعار پہلے پہل متن ق میں درج ہوئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

ہے، دلبری، کمیں گرِ ایجادِ یک نگاہ
کارِ بہانہ جوئیِ چشمِ حیا، بلند

بالیدگی[1] نیازِ قدِ جاں فزا، اسدؔ
در ہر نفس بقدرِ نفس ہے، قبا، بلند

حسرتِ دست گہ و پائے تحمّل تا چند؟
رگِ گردن، خطِ پیمانۂ بے مُل تا چند؟

ہے گلیمِ سیہ بختِ پریشاں کاکل
موئنہ بافتنِ ریشۂ سنبل تا چند؟

کوکبِ بخت، بجز روزنِ پُردود نہیں
عینکِ چشمِ جنوں، حلقۂ کاکل تا چند؟

چشم بے خونِ دل، و دل تہی از جوشِ نگاہ
بہ زباں عرضِ فسونِ ہوسِ گل تا چند؟

بزمِ داغِ طرب و باغِ کشادِ پرِ رنگ
شمع و گل تا کے؟ پُروانہ و بلبل تا چند؟

نالہ دامِ ہوس و دردِ اسیری معلوم
شرح بر خود غلطی ہائے تحمّل تا چند؟

جوہرِ آئنۂ فکرِ سخن ہوسے دماغ
عرضِ حسرت، پسِ زانوئے تامّل تا چند؟

سادگی ہے عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا
ناکسی، آئنۂ نازِ توکّل تا چند؟

اسدِ خستہ، گرفتارِ دو عالم اوہام
مشکل آساں کنِ یک خلق، تغافل تا چند؟

بہ کامِ دل کریں کس طرح[2] گمرہاں فریاد؟
ہوئی ہے لغزشِ پا، لکنتِ زباں فریاد!

---

۱۔ نخ = بالیدنی  ۲۔ نخ = رنگ



○ ..... ۱۸۱۶ء

کمالِ بندگیِ گل ہے رہنِ آزادی
زِ دستِ مشتِ پر و خارِ آشیاں فریاد

نوازشِ نفسِ آشنا کہاں؟ ورنہ
برنگِ نے ہے نہاں در ہر استخواں فریاد

تغافل، آئنہ دارِ خموشیِ دل ہے
ہوئی ہے محو بہ تقریبِ امتحاں فریاد

ہلاکِ[1] بے خبری، نغمۂ وجود و عدم
جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد

جوابِ[2] سنگ دلی ہائے دشمناں ہمت
زِ دستِ شیشہ[3] دلی ہائے دوستاں فریاد

ہزار آفت و یک جانِ بے نوائے[4] اسدؔ
خدا کے واسطے، اے شاہِ بیکساں! فریاد

شیشۂ آتشیں، رُخِ پُر نور
عرق از خط چکیدہ، روغنِ مور

بس کہ ہوں بعدِ مرگ بھی نگراں
مردمک سے ہے خال برلبِ گور

بار[5] لائی ہے دانہ ہائے سرِشک
مژہ، ہے ریشۂ رزِ انگور

ظلم کرنا گدائے عاشق پر
نہیں شاہانِ حسن کا دستور

دوستو، مجھ ستم رسیدہ سے
دشمنی ہے، وصال کا مذکور

زندگانی پہ اعتماد غلط
ہے کہاں قیصر اور کہاں فغفور؟

کیجیے، جوں اشک، اور قطرہ زنی
اے اسدؔ، ہے ہنوز دلّی دور

---

۱۔ نخ = فدائے  ۲۔ نخ = نیازِ
۳۔ نخ = شیشگیِ طبع  ۴۔ ″ = مستمند
۵۔ ″ = ے دانہ ہائے سرِشک لاتی ہے

○ ..... ۱۸۱۶ء

بس کہ مائل ہے وہ رشکِ ماہتاب آئینے پر — ہے نفَس، تارِ شعاعِ آفتاب آئینے پر
بازگشتِ جادہ پیمائے رہِ حیرت کہاں؟ — غافلاں! غش جان کر، چھڑکے ہیں آب آئینے پر
بدگماں کرتی ہے عاشق کو خود آرائی تری — بے دلوں کو ہے براتِ اضطراب آئینے پر
نازِ خود بینی کے باعث، مجرمِ صد بے گناہ — جوہرِ شمشیر کو ہے پیچ تاب آئینے پر
ناتوانی نے نہ چھوڑا بس کہ بیش از عکسِ جسم — مفتِ واگستردنی ہے فرشِ خواب آئینے پر
مدعی، میری صفائے دل سے ہوتا ہے خجل + — ہے تماشا، زشت رویوں کا عتاب آئینے پر
سدِّ اسکندر رہے بے بہرِ نگاہِ گل رخاں ۱ — گر کرے یوں امر و نہی بوتراب، آئینے پر

دل کو توڑا جوششِ بیتابی سے غالبؔ کیا کیا؟
رکھ دیا پہلو بوقتِ اضطراب آئینے پر؟

دنداں کا خیال، چشمِ تر، کر — ہر دانۂ اشک کو گہر کر
آتی نہیں نیند، اے شبِ تار — افسانۂ زلفِ یار سر کر
اے دل، بہ خیالِ عارضِ یار — یہ شامِ غم آپ پر سحر کر
ہر چند امید دور تر ہو — اے حوصلے! سعیِ بیشتر کر

---

۱۔ نخ = ے ہو نگاہِ گل رخاں کو سدِّ اسکندر اسدؔ
۲۔ " = غافل
+ یہ شعر پہلے پہل حاشیہ ق میں اضافہ ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

میں آپ سے جا چکا ہوں اب بھی — اے بے خبری، اسے خبر کر
افسانہ، اسدؔ، بایں درازی
اے غمزدہ! قصّہ مختصر کر

بینش، بہ سعیِ ضبطِ جنوں، نوبہار تر — دل، در گدازِ نالہ، نگہ آبیار تر
قاتل، بہ عزمِ ناز، و دل از زخم در گداز — شمشیرِ آبدار و نگہ آبدار تر
بے کسوتِ عروجِ تغافل، کمالِ حسن — چشمِ سیہ بہ مرگِ نگہ، سوگوار تر
سعیِ خرام، کاوشِ ایجادِ جلوہ ہے — جوششِ چکیدنِ عرق، آئینہ کار تر
ہر گرد باد، حلقۂ فتراکِ بےخودی — مجنونِ دشتِ عشق، تحیّر شکار تر
اے چرخ! خاک بر سرِ تعمیرِ کائنات ° — لیکن بنائے عہدِ وفا استوار تر
سمجھا ہوا ہوں عشق میں نقصاں کو فائدہ — جتنا کہ ناامید تر، امیدوار تر
آئینہ داغِ حیرت و حیرت شکنجِ یاس — سیماب بے قرار و اسدؔ بے قرار تر

فسونِ یک دلی ہے لذّتِ بیدادِ دشمن پر — کہ وجدِ برق، جوں پروانہ بال افشاں ہے خرمن پر
تکلف، خارِ خارِ التماسِ بےقراری ہے — کہ رشتہ باندھتا ہے پیرہن انگشتِ سوزن پر

---

° یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا

○ ..... ۱۸۱۶ء

یہ کیا وحشت ہے؟ اے دیوانے! پیش از مرگ واویلا　　رکھی بے جا بنائے خانۂ زنجیر شیون پر
+جنوں کی دستگیری کس سے ہو، گر ہو نہ عریانی؟ م　　گریباں چاک کا حق ہو گیا ہے میری گردن پر
برنگِ کاغذِ آتش زدہ، نیرنگِ بیتابی م　　ہزار آئینہ دل باندھے ہے بالِ یک تپیدن[1] پر
+فلک سے ہم کو عیشِ رفتہ کا کیا کیا تقاضا ہے! م　　متاعِ بُردہ کو سمجھے ہوئے ہیں قرض رہزن پر
ہم[2] اور وہ بے سبب رنج، آشنا دشمن کہ رکھتا ہے م　　شعاعِ مہر سے تہمت نگہ کی چشمِ روزن پر
+فنا کو سونپ، گر مشتاق ہے اپنی حقیقت کا م　　فروغِ طالعِ خاشاک ہے موقوف گلخن پر
+اسدؔ بسمل ہے کس انداز کا؟ قاتل سے کہتا ہے م　　کہ "مشقِ ناز کر، خونِ دو عالم[3] میری گردن پر"

صفائے حیرتِ آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر م　　تغیّر آبِ برجا ماندہ کا، چلتا ہے رنگ آخر
°نہ کی سامانِ عیش و جاہ نے تدبیر وحشت کی م　　ہوا جامِ زمرّد بھی، مجھے، داغِ پلنگ آخر
خطِ نوخیز، نیلِ چشمِ زخمِ صافیٔ عارض　　لیا آئینے نے حرزِ پرِ طوطی بچنگ آخر
ہلال آسا تہی رہ، گر کشادن ہائے دل چاہیے　　ہوا مہ، کثرتِ سرمایہ اندوزی سے تنگ آخر
تڑپ کر مر گیا وہ صیدِ بال افشاں کہ مضطر تھا　　ہوا ناسورِ چشمِ تعزیت، زخمِ خدنگ، آخر

---

۱۔ نخ = طپیدن
۲۔ ؍؍ = یں
۳۔ ؍؍ = تمنّا
+ یہ اشعار پہلے پہل حاشیہ ق میں بڑھائے گئے
° یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

لکھی[1] یاروں کی بدمستی نے میخانے کی پامالی　　ہوئی قطرہ فشانی ہائے مے بارانِ سنگ آخر
اسدؔ، پیری میں بھی آہنگِ شوقِ یار قائم ہے
نہیں ہے نغمے سے خالی، خمیدن ہائے چنگ آخر

دیا یاروں نے بے ہوشی میں درماں کا فریب آخر　　ہُوا سکتے سے میں آئینۂ دستِ طبیب آخر
رگِ گل، جادۂ تارِ نگہ سے حد موافق ہے　　ملیں گے منزلِ الفت میں ہم اور عندلیب آخر
غرورِ ضبط، وقتِ نزع ٹوٹا بے قراری[2] سے　　نیازِ پر فشانی[3] ہو گیا صبر و شکیب آخر
ستم کش مصلحت سے ہوں، کہ خوباں تجھ پہ[4] عاشق ہیں م　　تکلف برطرف، مل جائے گا تجھ سا رقیب آخر
اسدؔ کی طرح میری بھی، بغیر از صبحِ رخساراں
ہوئی شامِ جوانی، اے دلِ حسرت نصیب آخر

حسنِ خود آرا کو ہے مشقِ تغافل ہنوز　　ہے کفِ مشّاطہ میں آئینۂ گل ہنوز
سادگیِ یک خیال، شوخیِ صد رنگ نقش　　حیرتِ آئینہ ہے جیبِ تامّل ہنوز
سادہ و پُرکار تر، غافل و ہشیار تر　　مانگے ہے شمشاد سے شانۂ سنبل ہنوز

---

۱۔ نخ = ہے زبدمستی سے نوشاں ہوا ویرانہ میخانہ
۲۔ ؍؍ = بے قرارانہ
۳۔ ؍؍ = بال افشانی ہوا
۴۔ ؍؍ = مائل

○ ..... ۱۸۱۶ء

ساقی و تعلیمِ رنج[1]، محفل و تمکیں گراں     سیلیِ استاد ہے ساغرِ بے مُل ہنوز
شغلِ ہوس در نظر، لیک حیا بے خبر     شاخِ گُل نغمہ ہے، نالۂ بلبل ہنوز
دل کی صدا ے شکست سازِ طرب[2] ہے اسدؔ
شیشہ لیے بادہ سے چاہے ہے قلقل ہنوز

چاکِ گریباں کو ہے ربطِ تامّل ہنوز     غنچے میں دل تنگ ہے، حوصلۂ گُل ہنوز
دل میں ہے، سودا ے زلف، مستِ تغافل ہنوز     ہے مژۂ خوابناک ریشۂ سنبل ہنوز
پرورشِ نالہ ہے وحشتِ پرواز سے     ہے تہِ بالِ پری بیضۂ بلبل ہنوز
عشق کمیں گاہِ درد، وحشتِ دل دور گرد     دامِ تہِ سبزہ ہے، حلقۂ کاکل ہنوز
لذّتِ تقریرِ عشق، پردگیِ گوشِ دل     جوہرِ افسانہ ہے عرضِ تجمّل ہنوز
آئنۂ امتحاں، نذرِ تغافل اسدؔ
شش جہت اسباب ہے وہمِ توکّل ہنوز

بے گانۂ وفا ہے ہوا ے چمن ہنوز     وہ سبزہ سنگ پر نہ اُگا، کوہکن! ہنوز
+فارغ مجھے نہ جان کہ مانندِ صبح و مہر  م  ہے داغِ عشق، زینتِ جیبِ کفن ہنوز

---

۱۔ رخ = ورد    ۲۔ رخ = رنج
\+ یہ شعر پہلے پہل حاشیہ ق میں بڑھایا گیا



○ ..... ۱۸۱۶ء

ہے نازِ مفلساں زرِ از دست رفتہ پر  م  ہوں گل فروشِ شوخیِ داغِ کہن ہنوز
+مَے خانۂ جگر میں یہاں خاک بھی نہیں  م  خمیازہ کھینچے ہے بتِ بے دادفن ہنوز
یارب! یہ دردمند ہے کس کی نگاہ کا؟     ہے ربطِ مشک و داغِ سوادِ ختن ہنوز
جوں جادہ، سر بہ کوے تمنّاے بیدلی     زنجیرِ پا ہے رشتۂ حُبّ الوطن ہنوز
میں دور گردِ قربِ بساطِ نگاہ تھا     بیرونِ دل نہ تھی تپشِ انجمن ہنوز
تھا مجھ کو خار خارِ جنونِ وفا اسدؔ
سُوزن میں تھا نہفتہ گلِ پیرہن ہنوز

میں ہوں سرابِ یک تپش آموختن ہنوز     زخمِ جگر ہے تشنۂ لب دوختن ہنوز
اے شعلہ، فرصتے کہ سُویدا ے دل سے ہوں     کِشتِ سپندِ صد جگر اندوختن ہنوز
فانوسِ شمع ہے کفنِ کشتگانِ[2] شوق     در پردہ ہے معاملۂ سوختن ہنوز
مجنوں، فسونِ شعلہ خرامی فسانہ ہے     ہے شمعِ جادہ، داغِ نیفروختن ہنوز
گُو یک شرر، کہ سازِ چراغاں کروں اسدؔ     بزمِ طرب ہے پردگیِ سوختن ہنوز

داغِ اطفال ہے دیوانہ بہ کہسار ہنوز     خلوتِ سنگ میں ہے نالہ طلبگار ہنوز

---

۱۔ رخ = ہے    ۲۔ رخ = ضبط مردگاں
\+ یہ شعر پہلے پہل حاشیہ ق میں بڑھایا گیا

○ ..... ۱۸۱۶ء

خانہ ہے سیل سے، خو کردۂ دیدار ہنوز — دوربیں در زدہ ہے رخنۂ دیوار ہنوز

آئی یک عمر سے معذورِ تماشا نرگس — چشمِ شبنم میں نہ ٹوٹا مژۂ خار ہنوز

کیوں ہوا تھا طرفِ آبلۂ پا، یارب؟ — جادہ ہے وا شدنِ پیچشِ طومار ہنوز

وسعتِ سعیِ کرم دیکھ، کہ سرتاسرِ خاک م — گزرے ہے آبلہ پا، ابرِ گہربار ہنوز

یک قلم کاغذِ آتش زدہ ہے صفحۂ دشت م — نقشِ پا[2] میں ہے تبِ گرمیِ[1] رفتار ہنوز

ہوں خموشیِ چمنِ حسرتِ دیدار، اسدؔ
مژہ ہے شانہ کشِ طرّۂ گفتار ہنوز

نہ بندھا تھا بہ عدم نقشِ دلِ مور ہنوز — تب سے ہے یاں دہنِ یار کا مذکور ہنوز

سبزہ ہے لوکِ زبانِ دہنِ گور ہنوز — حسرتِ عرضِ تمنّا میں ہوں رنجور ہنوز

صد تجلّی کدہ ہے[3] صرفِ جبینِ غربت — پیرہن میں ہے غبارِ شررِ طور ہنوز

زخمِ دل میں ہے نہاں غنچۂ پیکانِ نگار — جلوۂ باغ ہے در پردۂ ناسور ہنوز

پا پُر از آبلہ راہِ طلبِ مے میں ہوا — ہاتھ آیا نہیں یک دانۂ انگور ہنوز

گل کھلے، غنچے چٹکنے لگے اور صبح ہوئی — سرخوشِ خواب ہے وہ نرگسِ مخمور ہنوز

اے اسدؔ، تیرگیِ بختِ سیہ ظاہر ہے — نظر آتی نہیں صبحِ شبِ دیجور ہنوز

---

۱۔ نخ = وحشت — ۲۔ نخ = یک دید
۳۔ ؍؍ = یک ناصیۂ غربت میں



○ ..... ۱۸۱۶ء

کو بیابانِ تمنّا و کجا جولانِ عجز؟ — آبلے پا کے، ہیں یاں رفتار کو دندانِ عجز

ہو قبولِ کم نگاہی، تحفۂ اہلِ نیاز — اے دل و اے جانِ ناز، اے دین و اے ایمانِ عجز

بوسۂ پا، انتخابِ بدگمانی ہائے حسن — یاں ہجومِ عجز سے تا سجدہ ہے جولانِ عجز

حسن کو غنچوں سے ہے پوشیدہ چشمی ہائے ناز — عشق نے وا کی ہے ہر یک خار سے مژگانِ عجز

اضطرابِ نارسائی، مایۂ شرمندگی[2] — ہے عرق ریزیِ خجلت، جوششِ طوفانِ عجز

وہ جہاں مسند نشینِ بارگاہِ ناز ہو — قامتِ خوباں، ہو محرابِ نیازستانِ عجز

بس کہ بے پایاں ہے صحرائے محبّت، اے اسدؔ
گردباد اس راہ کا، ہے عقدۂ پیمانِ عجز

حاصلِ دلبستگی ہے عمر[3] کوتہ اور بس — وقتِ عرضِ عقدہ ہائے متّصل تارِ نفس

کیوں نہ طوطیِ طبیعت نغمہ پیرائی کرے — باندھتا ہے رنگِ گل آئینہ[4] تا چاکِ قفس

اے ادا فہماں، صدا ہے تنگیِ فرصت سے خوں — ہے بہ صحرائے تحیّر، چشمِ قربانی، جرس

تیز تر ہوتا ہے خشمِ تند خویاں عجز سے — ہے رگِ سنگِ فسانِ تیغِ شعلہ، خار و خس

---

۱۔ نخ = ہو پذیرائے تکلّف
۲۔ ؍؍ = موجد
۳۔ ؍؍ = کوتہیِ عمر و بس
۴۔ ؍؍ = پر

○ ..... ۱۸۱۶ء

سختیِ راہِ محبّت، منعِ دخلِ غیر ہے      پیچ تابِ جادہ ہے[1] یاں جوہرِ تیغِ عسس
اے اسدؔ، ہم خود اسیرِ رنگ و بوے باغ ہیں
ظاہرا، صیّادِ ناداں ہے گرفتارِ ہوس

دشتِ الفت میں ہے خاکِ کشتگاں محبوس و بس      پیچ تابِ جادہ[2]، ہے خطِّ کفِ افسوس و بس
نیم رنگی ہاے شمعِ محفلِ خوباں سے ہے      پیچکِ مہ، صرفِ چاکِ پردۂ فانوس و بس
ہے تصور میں نہاں سرمایۂ صد گلستاں      کاسۂ زانو، ہے مجھ کو بیضۂ طاؤس و بس
کفر ہے، غیراز دفورِ شوق، رہبر ڈھونڈھنا[3]      راہِ صحراے حرم میں ہے جرسِ ناقوس و بس
یک[4] جہاں گل، تختۂ مشقِ شگفتن ہے اسدؔ
غنچۂ خاطر رہا افسردگی مانوس و بس

کرتا ہے، بیادِ بتِ رنگیں، دلِ مایوس      رنگِ زِ نظر رفتہ، حِنائے کفِ افسوس
تھا خواب میں کیا جلوہ پرستارِ[5] زلیخا؟      ہے بالشِ دل سوختگاں میں پرِ طاؤس

---

١۔ نخ = حکم
٢۔ ״ = جادہ ہا
٣۔ ״ = خواستن
٤۔ ״ = ے اے اسدؔ گل، تختۂ مشقِ شگفتن ہو گئے
٥۔ ״ = نظر جوشِ



○ ..... ۱۸۱۶ء

حیرت سے ترے[1] جلوے کی، از بس کہ ہیں بے کار      خور، قطرۂ شبنم[2] میں ہے، جوں شمع بہ فانوس
دریافتنِ صحبتِ اغیار غرض ہے      اے نامہ رساں! نامہ رساں چاہیئے جاسوس
ہے مشق، اسدؔ، دستگہِ وصل کی منظور
ہوں خاک نشیں از پئے ادراکِ قدم بوس

ہوئی ہے[3] بس کہ صرفِ مشقِ تمکینِ بہار آتش      بہ اندازِ حِنا، ہے رونقِ دستِ چنار آتش
شرر ہے رنگ، بعد اظہارِ تابِ جلوۂ تمکیں      کرے ہے سنگ پر، خورشید آبِ روے کار آتش
گدازِ[4] موم ہے افسونِ ربطِ پیکر آرائی      نکالے کب[5]، نہالِ شمع، بے[6] تخمِ شرار آتش
نہ لیوے گر خسِ جوہر، طراوت، سبزۂ خط سے      م      لگاوے خانۂ آئینہ میں، روے نگار آتش
فروغِ حسن[7] سے ہوتی ہے حلِّ مشکلِ عاشق      م      نہ نکلے[8] شمع کے پا سے، نکالے گر نہ خار آتش
خیالِ دود تھا، سرجوشِ سودائے غلط فہمی      اگر رکھتی نہ خاکستر نشینی کا غبار آتش
ہواے پرفشانی، برقِ خرمن ہاے خاطر ہے      بہ[9] بالِ شعلۂ بے تاب ہے پروانہ زار آتش

---

١۔ نخ = رخِ دوست      ٢۔ نخ = سے
٣۔ ״ = ے زجوشِ اعتدالِ فصل و تمکینِ بہار آتش
٤۔ ״ = ے نہ پاوے ہے گدازِ موم ربطِ پیکر آرائی
٥۔ ״ = ہے
٦۔ ״ = از      ٧۔ نخ = عشق
٨۔ ״ = ے نکالے ہے زپائے شمع، برجا ماندہ خارِ آتش
٩۔ ״ = زِ

○ ..... ۱۸۱۶ء

نہیں برق و شرر، جز وحشت و ضبطِ تپیدن ہا[1] — بلا گردانِ بے پروا خرامی ہائے یار آتش
دھوئیں[2] سے آگ کے، اک ابر دریا بار ہو پیدا
اسدؔ، حیدر پرستوں سے اگر ہووے دوچار آتش

بہ اقلیمِ سخن ہے جلوۂ گردِ سوادِ[3] آتش — کہ ہے دودِ چراغاں سے، ہیولائے مدادِ آتش
اگر مضمون[4] خاکستر کرے دیباچہ آرائی — نہ باندھے شعلۂ جوالہ غیر از گردِ بادِ آتش
کرے ہے لطفِ اندازِ برہنہ گوئیٔ خوباں — بہ تقریبِ[5] نگارش ہائے سطرِ شعلہ یادِ آتش
دیا[6] داغِ جگر کو آہ نے سامانِ شگفتن کا — نہ ہو بالیدہ، غیر از جنبشِ دامانِ بادِ آتش
اسدؔ، قدرت سے حیدر کی، ہوئی[7] ہر گبر و ترسا کو
شرارِ سنگِ بُت، مہرِ[8] بنائے اعتقادِ آتش

---

۱۔ نخ = طپیدن
۲۔ " = ے اسدؔ از دودِ آتش ابر دریا بار ہو پیدا
اگر ناگاہ ہو حیدر پرستوں سے دوچار آتش
۳۔ " = گرد افروزِ سوادِ آتش — ۴۔ نخ = خاکستر شکن دیباچہ آرا ہو
۵۔ " = زوا بالیدن مضموں ......
۶۔ " = ے دیا داغِ جگر کو آہ نے رنگِ شگفتن ہا
ہوئی بالیدہ تر از جنبشِ دامانِ بار آتش
۷۔ " = پڑی ہے گبر و ترسا کے
۸۔ " = سے دَر



○ ..... ۱۸۱۶ء

جادۂ رہ خُور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع م چرخ وا کرتا ہے، ماہِ نو سے آغوشِ وداع
شمع سے ہے، بزم، انگشتِ تحیر در دہن — شعلۂ آوازِ خوباں پر بہ ہنگامِ سماع
جوں پرِ طاؤس، جوہر، تختۂ مشقِ رنگ ہے[1] — بس کہ ہے وہ قبلۂ آئینہ محوِ اختراع
رنجشِ حیرت سرشتاں، سینہ صافی پیشکش — جوہرِ آئینہ ہے یاں، گردِ میدانِ نزاع
چار سوئے دہر میں بازارِ[2] غفلت گرم ہے — عقل[3] کے نقصان سے اٹھتا ہے خیالِ انتفاع
آشنا، غالبؔ، نہیں ہیں دردِ دل کے[4] آشنا — ورنہ[5] کس کو میرے افسانے کی تابِ استماع[6]

رخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیٔ شمع م ہوئی ہے آتشِ گل، آبِ زندگانیٔ شمع
زبانِ اہلِ زباں میں ہے مرگ، خاموشی م یہ بات بزم میں روشن ہوئی زبانیٔ شمع
کرے ہے صِرف بایمائے شعلہ قصّہ تمام م بہ طرزِ اہلِ فنا ہے، فسانہ خوانیٔ شمع
غم اس کو حسرتِ پروانہ کا ہے، اے شعلے م ترے لرزنے سے ظاہر ہے ناتوانیٔ شمع
*ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے م بجلوہ ریزیٔ باد و بپرِ فشانیٔ شمع
*نشاطِ داغِ غمِ عشق کی بہار نہ پوچھ م شگفتگی ہے شہیدِ گلِ خزانیٔ شمع
جلے ہے، دیکھ کے بالینِ یار پر مجھ کو م نہ کیوں ہو دل پہ مرے داغِ بدگمانیٔ شمع

---

۱۔ نخ = رنگیں — ۲۔ نخ = غفلت کا ہے بازار گرم
۳۔ " = ورنہ نقصانِ تصوّر — ۴۔ " = ے اے اسدؔ ہیں آشنا بیگانۂ سوز و گداز
۵۔ " = طاقت ہم کو شعور — ۶۔ " = اسدؔ ہے
* یہ اشعار پہلے پہل متن ق میں درج ہوئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

عشاق، اشکِ چشم سے دھوویں ہزار داغ　　دیتا ہے اور، جوں گل و شبنم، بہار داغ
جوں[1] چشم، باز ماندہ ہے ہر یک بسوئے دل　　رکھتا ہے داغِ تازہ کا یاں انتظار، داغ
بے لالہ عارضاں[2] مجھے گلگشتِ باغ میں　　دیتی ہے، گرمیِ گل و بلبل، ہزار داغ
جوں اعتمادِ نامہ و خط کا ہو مُہر سے　　یوں عاشقوں میں ہے سببِ اعتبار، داغ
*ہوتے ہیں محوِ جلوۂ خور سے، ستارگاں　　دیکھ اُس کو دل سے مٹ گئے بے اختیار داغ
وقت[3] خیالِ جلوۂ حسنِ بتاں اسدؔ
دکھلائے ہے مجھے دوجہاں[4] لالہ زار، داغ

بلبلوں کو دور سے کرتا ہے منعِ بارِ باغ　　ہے، زبانِ پاسباں، خارِ سرِ دیوارِ باغ
کون آیا جو چمن بے تابِ استقبال ہے؟　　جنبشِ موجِ صبا، ہے شوخیِ رفتارِ باغ
میں ہمہ حیرت، جنوں بے تابِ دورانِ خمار　　مردمِ چشمِ تماشا، نقطۂ پرکارِ باغ
آتشِ رنگِ رخِ ہر گل کو بخشے ہے فروغ　　ہے دمِ سردِ صبا سے، گرمیِ بازارِ باغ

---

۱۔ نخ = ے جوں چشم، واکشادہ ہے ہر ایک ظاہرا
رکھتا ہے اور داغ کا یاں انتظار داغ
۲۔ ″ = بے لالہ عارضانِ چمن و باغ میں مجھے
۳۔ ″ = درحالتِ تصورِ روے ..........
۴۔ ″ = چمن
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

کون گل سے ضعفِ خاموشیِ بلبل کہہ سکے؟　　نے زباں[1] غنچہ گویا، نے زبانِ خارِ باغ
جوشِ گل، کرتا ہے استقبالِ تحریر اسدؔ
زیرِ مشقِ شعر، ہے نقش از پئے احضارِ باغ

نامہ بھی لکھتے ہو، تو بخطِ غبار، حیف!　　رکھتے ہو مجھ سے اتنی کدورت، ہزار حیف!
بیش از نفس، بتاں کے کرم نے وفا نہ کی　　تھا محملِ نگاہ بدوشِ شرار، حیف!
تھی میرے ہی جلانے کو، اے آہِ شعلہ ریز　　گھر پر پڑا نہ غیر کے کوئی شرار، حیف!
+گل، چہرہ ہے کسو خفقانی مزاج کا　　گھبرا رہی ہے بیمِ خزاں سے بہار، حیف!
بیمِ رقیب سے نہیں کرتے وداعِ ہوش　م　مجبوریاں تلک ہوئے، اے اختیار، حیف!
+جلتا ہے دل کہ کیوں نہ ہم اک بار جل گئے　م　اے ناتمامیِ نفسِ شعلہ بار، حیف!
ہیں میری مشتِ خاک سے اس کو کدورتیں　　پائی جگہ بھی دل میں، تو ہو کر غبار، حیف!
بنتا، اسدؔ، میں سرمۂ چشمِ رکابِ یار
آیا نہ میری خاک پہ وہ شہ سوار، حیف!

عیسیِ مہرباں ہے شفا ریز یک طرف　　درد آفریں ہے طبعِ الم خیز یک طرف

---

۱۔ نخ = نہ (جو سہو ہے)
+ یہ اشعار پہلے پہل حاشیہ ق میں اضافہ کیے گئے

○ ..... ۱۸۱۶ء

سنجیدنی ہے ایک طرف رنجِ کوہکن  خوابِ گرانِ خسرو پرویز یک طرف
خرمن بباد دادۂ دعویٰ ہیں ہو، سو ہو  ہم یک طرف ہیں، برقِ شرر ریز یک طرف
+مفتِ دل و جگر، خلشِ غمزہ ہائے ناز  کاوشِ فروشیِ مژۂ تیز یک طرف
ہر مو، بدن پہ شہپرِ پرواز ہے مجھے  بے تابیِ دلِ تپش انگیز یک طرف
یک جانب، اے اسدؔ، شبِ فرقت کا بیم ہے
دامِ ہوس ہے، زلفِ دلاویز، یک طرف

گر تجھ کو ہے یقینِ اجابت، دعا نہ مانگ  م  یعنی، بغیر یک دلِ بے مدعا نہ مانگ
اے آرزو! شہیدِ وفا! خوں بہا نہ مانگ  جز بہرِ دست و بازوئے قاتل، دعا نہ مانگ
گستاخیِ وصال، ہے مشاطۂ نیاز  یعنی، دعا بجز خمِ زلفِ دوتا نہ مانگ
برہم ہے بزمِ غنچہ، بیک جنبشِ نشاط  کاشانہ بس کہ تنگ ہے، غافل! ہوا نہ مانگ
عیسیٰ! طلسمِ حسن تغافل ہے، زینہار  جز پشتِ چشم، نسخۂ عرضِ دوا نہ مانگ
میں دور گردِ عرضِ رسومِ نیاز ہوں  دشمن سمجھ، ولے نگہِ آشنا نہ مانگ
نظارہ دیگر و دلِ خونیں نفس دگر  آئینہ دیکھ، جوہرِ برگِ حنا نہ مانگ

---

+ یہ شعر پہلے پہل حاشیہ ق میں اضافہ کیا گیا



○ ..... ۱۸۱۶ء

آتا ہے، داغِ حسرتِ دل کا شمار، یاد  م  مجھ سے مرے گنہ کا حساب، اے خدا! نہ مانگ
یک تختِ اوج، نذرِ سبکباری، اسدؔ
سر پر، وبالِ سایۂ بالِ ہما نہ مانگ

بدر، ہے آئینۂ طاقِ ہلال  غافلاں! نقصاں سے پیدا ہے کمال
ہے بیادِ زلفِ مشکیں[۲] سال و ماہ  روزِ روشن، شامِ آں سوئے خیال
بس کہ ہے اصلِ دمیدن ہا غبار  ہے نہاں شکوہ، ریحانِ سفال
صافیِ رخ[۳] سے ترے، ہنگامِ شب  عکسِ داغِ مہ ہوا عارض پہ خال
نور[۴] سے تیرے ہے اس کی روشنی  ورنہ تھا خورشید یک دستِ سوال
شورِ حشر اس فتنہ قامت کے حضور  سایہ آسا ہو گیا ہے پائمال
ہو جو بلبل پیروِ فکرِ اسدؔ
غنچۂ منقارِ گل ہو زیرِ بال

ہوں، بہ وحشت، انتظار آوارۂ دشتِ خیال  اک سفیدی مارتی ہے دور سے چشمِ غزال

---

۱- نخ: = حسابِ بے گنہی
۲- " = مشکینِ بتاں
۳- " = رخسار سے
۴- " = سے نورِ خوباں سے یدِ بیضا ہے آج

○ ..... ۱۸۱۶ء

ہے نفس[1] پروردہ، گلشن، کس ہواے بام کا؟ / طوقِ قمری میں ہے، سروِ باغ، ریحانِ سفال
ہم غلط سمجھے تھے، لیکن زخمِ دل پر رحم کر / آخر اس پردے میں تو ہنستی تھی، اے صبحِ جمال
بیکسی افسردہ ہوں، اے ناتوانی، کیا کروں[2]؟ / جلوۂ خورشید سے ہے گرم، پہلوے ہلال
شکوہ دردو دردِ داغ، اے بے وفا معذور رکھ / خوں بہاے یک جہاں امیّد ہے، تیرا خیال
عرضِ دردِ بے وفائی، وحشتِ اندیشہ ہے / خوں ہوا دل تا جگر، یارب، زبانِ شکوہ لال
اُس جفا مشرب پہ عاشق ہوں کہ سمجھے ہے اسد
مالِ[3] سُنّی کو مُباح اور خونِ صوفی کو حلال

ہر عضو، غم سے ہے شکن آسا شکستہ دل / جوں زلفِ یار، ہوں میں سراپا شکستہ دل
ہے سرنوشت میں رقمِ واشکستگی / ہوں، جوں خطِ شکستہ، بہ[4] ہر جا شکستہ دل
امواج کی جو یہ شکنیں آشکار ہیں / ہے چشمِ اشک ریز سے، دریا شکستہ دل
ناسازیِ نصیب، درشتیِ غم سے ہے / امیّد و نا امیّد و تمنّا شکستہ دل
ہے سنگِ ظلمِ چرخ سے میخانے میں اسد
صہبا فتادہ خاطر و مینا شکستہ دل

---

۱۔ نخ = قفس
۲۔ " = علاج
۳۔ " = ے خونِ صوفی کو مُباح اور مالِ سُنّی کو حلال
۴۔ " = ہمہ



○ ..... ۱۸۱۶ء

بہر عرضِ حالِ شبنم سے رقم ایجادِ گُل / ظاہرا ہے اس چمن میں لالِ مادرزاد، گُل
گر[1] کرے انجام کو آغاز ہی میں یاد، گُل / غنچے سے منقارِ بلبل وار ہو فریاد، گُل
گر بہ بزمِ باغ، کھینچے[2] نقشِ روے یار کو / شمع ساں ہو جائے قطِ[3] خامۂ بہزاد، گُل
دستِ رنگیں سے جو رخ پروا کرے زلفِ رسا / شاخِ گل میں ہو نہاں جوں شانہ در شمشاد، گُل
سعیِ عاشق ہے فروغ افزاے آبِ روے کار / ہے[4] شرارِ تیشہ، بہر تربتِ فرہاد، گُل
ہے تصوّر، صافیِ قطعِ نظر از غیرِ[5] یار / لختِ دل سے[6] لاوے ہے، شمعِ خیال آباد، گُل
گلشن[7] آبادِ دلِ مجروح میں ہو جائے ہے / غنچۂ پیکانِ شاخِ ناوکِ صیّاد، گُل
برقِ[8] سامانِ نظر ہے، جلوۂ بے باکِ حسن / شمعِ خلوت خانہ کیجیے، ہر چہ باد اباد، گُل
خاک ہے عرضِ بہارِ صد نگارستان، اسد
حسرتیں[9] کرتی ہے، میری خاطرِ آزاد، گُل

---

۱۔ نخ = ے گر کرے پژمردہ انجامی کو داغِ یاد گُل
۲۔ " = کھینچا چاہے نقشِ روے یار
۳۔ " = زنگ
۴۔ " = ے یاں شرارِ تیشہ ہے بر تربتِ فرہاد گُل
۵۔ " = جسم و جاں
۶۔ " = ہے بر سر
۷۔ " = ے ہوگیا در گلشن آباد جراحت ہاے دل
۸۔ " = ے برق زارِ جلوہ ہے از خود ربودن ہاے حسن
کیجیے شمعِ بزمِ خلوت، ہر چہ باد اباد، گُل
۹۔ " = ے آرزوئیں کرتے ہیں از خاطرِ آزاد گُل

○ ..... ۱۸۱۶ء

گرچہ ہے یک بیضۂ طاؤس آسا تنگ، دل — ہے چمن سرمایۂ بالیدنِ صد رنگ، دل
بے[1] دلوں سے ہے تپش جوں خواہشِ آب از سراب — ہے[2] شررِ موہوم، اگر رکھتا نہ ہووے سنگ دل
رشتۂ فہمیدِ مُمسک ہے یہ بندِ کوتہی — عُقدہ[3] ساں ہے کیسۂ زر پر خیالِ تنگ دل
ہوں زِ پا اُفتادۂ اندازِ یادِ حسنِ سبز — کس[4] قدر ہے نشّہ فرسائے خمارِ بنگ، دل
*شوقِ بے پروا کے ہاتھوں مثلِ سازِ نادرست — کھینچتا ہے آج نالے خارج از آہنگ، دل

اے اسدؔ، خامُش ہے طوطیِ شکر گفتارِ طبع
ظاہر ارکھتا ہے آئینہ[5] اسیرِ زنگ دل

اثر کمندیِ فریادِ نارسا معلوم — غبارِ نالہ، کمیں گاہِ مُدّعا معلوم
بقدرِ حوصلۂ عشق جلوہ[6] ریزی ہے — وگرنہ خانۂ آئینہ کی فضا معلوم
بہار، در گرہِ غنچہ، شہرِ جولاں ہے — طلسمِ ناز، بجز تنگیِ قبا معلوم
بنالہ، حاصلِ دلبستگی فراہم کر — متاعِ خانۂ زنجیر، جُز صدا معلوم

---

۱۔ نخ = بے دلاں
۲۔ ″ = ہے تھے شرر طوفانِ باطل گر نہ رکھتا سنگدل
۳۔ ″ = ہے گرہ بر گیسۂ درہم ......
۴۔ ″ = ہے بہ خوابِ سبزہ از جوشِ ......
۵۔ ″ = یاں آئینہ زیرِ زنگ دل
۶۔ ″ = جلوہ سازی
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا



○ ..... ۱۸۱۶ء

طلسمِ خاک، کمیں گاہِ یک جہاں سودا — بہ مرگ تکیۂ آسایشِ فنا معلوم
تکلّف، آئینۂ دو جہاں مدارا ہے — سراغِ یک نگہِ قہر آشنا معلوم

اسدؔ فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا
وگرنہ دلبریِ وعدۂ وفا معلوم

ازاں جا کہ حسرت کشِ یار ہیں ہم — رقیبِ تمنّائے دیدار ہیں ہم
رمیدن، گُلِ باغِ واماندگی ہے — عبث محملِ آرائے رفتار ہیں ہم
نَفَس ہو نہ معزولِ شعلہ دُرودن — کہ ضبطِ تپش سے شرر کار ہیں ہم
تغافل، کمیں گاہِ وحشت شناسی — نگہبانِ دل ہائے اغیار ہیں ہم
تماشائے گلشن، تمنّائے چیدن — بہار آفرینا! گنہ گار ہیں ہم
نہ ذوقِ گریباں، نہ پروائے داماں — نگہ آشنائے گل و خار ہیں ہم

اسدؔ، شکوہ کفر، و دعا ناسپاسی
ہجومِ تمنّا سے لاچار ہیں ہم

یاں اشک جدا گرم ہے، اور آہ جدا گرم — حسرت کدۂ عشق کی ہے آب و ہوا گرم
اُس شعلے نے گلگوں کو جو گلشن میں کیا گرم — پھولوں کو ہوئی بادِ بہاری، وہ ہوا گرم
وا کر سکے یاں کون بجز کاوشِ شوخی — جوں برق ہے پیچیدگیِ بندِ قبا گرم

○ ..... ۱۸۱۶ء

گر ہے سرِ دریوزگیِ جلوۂ دیدار
جوں پنجۂ خورشید ہو، اے دستِ دعا، گرم

یہ آتشِ ہمسایہ کہیں گھر نہ جلا دے
کی ہے دلِ سوزاں نے مرے پہلو میں جا گرم

غیروں سے اُسے گرمِ سخن دیکھ کے، غالبؔ
میں رشک سے، جوں آتشِ خاموش، رہا گرم

بس کہ ہیں بدمستِ بشکن بشکنِ میخانہ ہم
موئے شیشہ کو[1] سمجھتے ہیں خطِ پیمانہ ہم

بس کہ ہر یک موئے زلفِ افشاں سے، ہے تارِ شعاع
پنجۂ خورشید[2] کو سمجھے ہیں دستِ شانہ ہم

ہے[3] فروغِ ماہ سے، ہر موج، اک تصویرِ چاک
سیل سے، فرشِ کتاں کرتے ہیں[4] تا ویرانہ ہم

مشقِ از خود رفتگی سے ہیں بہ گلزارِ خیال
آشنا تعبیرِ خوابِ سبزۂ بیگانہ ہم

فرطِ بے خوابی سے، ہیں شب ہائے ہجرِ یار میں
جوں زبانِ شمع، داغِ گرمیِ افسانہ ہم

جانتے ہیں، جوششِ سودائے زلفِ یار میں
سنبلِ بالیدہ[5] کو موئے سرِ دیوانہ ہم

بس کہ وہ چشم و چراغِ محفلِ اغیار ہے
چپکے چپکے جلتے ہیں، جوں شمعِ خلوت خانہ ہم

شامِ غم میں، سوزِ عشقِ آتشِ رخسار[6] سے
پرفشانِ سوختن ہیں، صورتِ پروانہ ہم

---

۱۔ نخ = سے اگاتے
۲۔ " = پنجۂ خور دیکھتے ہیں زیر ------
۳۔ " = نقش بندِ چاک ہے موج از فروغِ ماہتاب
۴۔ " = در
۵۔ " = آشفتہ
۶۔ " = شمع رویاں سے اسدؔ



○ ..... ۱۸۱۶ء

غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفس م
برق سے کرتے ہیں روشن شمعِ ماتم خانہ ہم

ہ محفلیں برہم کرے ہے، گنجفہ بازِ خیال م
ہیں ورق گردانیِ نیرنگِ یک بتخانہ ہم

* باوجودِ یک جہاں ہنگامہ، پیدائی نہیں م
ہیں چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ ہم

ہ ضعف سے ہے، نے قناعت سے، یہ ترکِ جستجو م
ہیں وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ ہم

+ دائم الحبس اس میں ہیں لاکھوں تمنائیں اسدؔ
جانتے ہیں سینۂ پُر خوں کو زنداں خانہ ہم م

جس دم کہ جادہ وار ہو تارِ نفس تمام
پیمایشِ زمینِ رہِ عمر بس تمام

کیا دے صدا؟ کہ کلفتِ گم گشتگاں سے، آہ
ہے سرمہ، گردِ رہ، بہ گلوئے جرس تمام

ڈرتا[1] ہوں کوچہ گردیِ بازارِ عشق سے
ہیں، خارِ راہ، جوہرِ تیغِ عسس تمام

اے بالِ اضطراب! کہاں تک فسردگی؟
یک پر زدن تپش میں ہے، کارِ قفس تمام

گزرا جو آشیاں کا تصور بوقتِ بند
مژگانِ چشمِ دام ہوئے خار و خس تمام

کرنے نہ پائے ضعف سے شورِ جنوں، اسدؔ
اب کے بہار کا یہیں[2] گزرا برس تمام

---

۱۔ نخ = ترساں ہوں ۲۔ یونہیں
+ یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں درج ہوا
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا
ہ یہ اشعار پہلی بار متن ق میں درج ہوئے